04/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ انوار الحق سے خبریں سُنئے

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے کہا ہے کہ تعلیمی ادرونکو چاہئے کہ وہ ایسی شخصیات تیار کریں جو انسانی اقدار کے ساتھ ساتھ جدت طرازی کابہترین امتزاج پیش کرتے ہوں ۔ وگیان بھون نئی دلی میں بالاجی فاؤنڈیشن کی طرف سے منعقدہ بھارت شکھشا سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوںنے کہا کہ ہیڈ ، ہارٹ اور ہیرٹیج کا منتر یعنی انسانی ذہن، دل اور ورثہ تعلیمی نظام کی ٹوٹی ہوئی اخلاقی کڑی کوبحا ل کرنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

ایل جی نے کہاکہ قومی تعلیمی پالیسی 2020کامقصد ہے کہ طلباءکتابوں سے حاصل کی گئی یادوں کے ذخیرے کے بجائے علم کا زندہ ذریعہ بنیں۔

راتھر

جموں و کشمیر قانون سازاسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے حالیہ بارشوں سے بادی پورہ سوگام پل کو ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر متعلقہ محکمہ کے ایگزیکٹو انجینئر نے موصوف کو نقصان کی تفصیلی جانکاری دی۔

اسپیکر نے عملدر آمد کرنے والی ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ بنا تا خیر کے پل کے مرمتی کام کو تکمیل تک پہنچائیں۔

ہلال اکبر

سونا واری ہلال اکبر لون نے ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کے ہمراہ شادی MLA پورہ سمبل مینزیر تکمیل سیمی رنگ روڈ پروجیکٹ کا معائینہ کیا۔

انہوں نے یہ دورہ مقامی لوگوں کی جانب سے ظاہر کئے گئے خدشات کو دور کرنے اوراس منصوبے کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کی غرض سے کیا۔

ہینڈ لوم

رجسٹری چنئی کی طرف GI ایک اہم پیشرفت کے تحت 8مزید کشمیری دستکاری مصنوعات کو سرٹیفکیٹ حاصل ہوئی ہے-ان میں کشمیری نمدہ ، کشمیری گبہ، کشمیری بیٹ، کشمیری GIسے شامل ہیں-Wagguv ٹویڈ، کریول، کشمیر ی چین سٹچ ، شکارا اور

اس پیش رفت کے بارے میں محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

چیف سیکریٹری

جموں وکشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران یو ٹی میں قومی شاہراہ پر جاری کئی منصوبوں کی پیش رفت پر جائزہ لیا۔ موصوف نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیاکے عہدیداروں سے تلقین کی کہ وہ منصوبوں کی مقررہ مدت کے اندر اندر تکمیل کے ساتھ عوامی سہولت کو یکساں ترجیح دیں۔

انہوننے افسروں سے کہاکہ وہ قدرتی اور موسمیاتی چلینجز کو نظر میں رکھ کر منصوبہ بندی کریں تاکہ منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کو کم سے کم کیا جا سکے ۔

بادام واری

ادھرمحکمہ

سیاحت نے محکمہ فلوریکلچرکے اشتراک سے بادام واری سرینگر میںبادام کے شگوفنسے ۓ متعلق آج ایک فیسٹول کا اہتمام کیا ہے۔

اس حوالے سے فلوریکلچر ڈیپارٹمنٹ کشمیر کے ڈائریکٹر شکیل الرحمان راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ٹولپ گارڈن

سرینگرکے مشہور الزماں باغ گلہ لالہ میں سیاحوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ کل مزید37ہزار 581سیلانیوننے باغ کی سیر کرکے قدرتی نظارونکا لطف اٹھایا۔

اب تک مجموعی طور پردو لاکھ34ہزار چارسو16سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔ ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیلانی بھی شامل ہیں۔

تعزیت

نیوز روم مینہمارے ساتھی معشوق کاپرونی کے والد عبدالرحمان تیلی انتقال کر گئے ہیں۔ ان کی نماز جنازہ آج صبح سوا دس بجے کا پرن شوپیان میں ادا کی جائے گی۔

نیوز روم کے عملے نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیاہے ۔

کپواڑہ

کی NCORDضلع کپواڑہ مینمنشیات کی لعنت کوجڑے اکھاڑے کیلئے ڈپٹی کمشنر آیوشی سودن نے ایک میٹنگ کی صدار ت کرتے ہوئے ضلع بھرمیں عملائے جا رہے احتیاطی اقدامات کا جائزہ لیا۔

موصوفہ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں منشیات کے ہاٹ سپاسٹس، متروک عمارتوں کی نشاندہی سمیت ضلع کے داخلی مقامات پر کڑی نگاہ رکھینتاکہ منشیات کی سمگلنگ اور اس سے متعلق سرگرمیوں پر قابو پایاجا سکے۔

شوپیان

ادھر گورنمنٹ بائزہائر اسکنڈری اسکول شوپیان میں محکمہ اسکول ایجوکیشن کی طرف سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد ہوا ۔

اس موقعے پر مقررین منشیات کے مضر اثرات اور اس سے نمٹنے کے طریقوں پر روشنی ڈالی تاکہ نوجوان پود کو منشیات کے خطرات سے دور رکھا جا سکے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ